پشاور فقہی کانفرنس

بعنوان: جدید سائنسی انکشافات اور متعلقہ فقہی مسائل

12,11 دسمبر 2004ء بروز ہفتہ، اتوار

زیر انتظام: جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان
پوسٹ بکس نمبر 33 سادات حافظ خیل ڈیرہ روڈ بنوں
فون: 0928 - 310353، فیکس: 310355
ای میل: almarkazulislami@maktoob.com
ای میل: almarkaz_ulislami2@hotmail.com

مکرمی جناب .... حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وبعد،،،

جدید سائنسی علوم کے روزمرہ تحقیقات وانکشافات وایجادات کی وجہ سے بہت سارے فقہی مسائل اور اشکالات وسوالات سامنے آرہے ہیں، جن پر علمی انداز میں تحقیق اور متعلقہ مسائل کا فقہی حل پیش کرنے کی اشد ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔

وقت کے تقاضوں اور اہل علم کے شدید اصرار پر ان مسائل کا فقہی حل پیش کرنے اور ان مسائل کو حل کرانے کے سلسلہ میں 12,11 دسمبر 2004ء بروز ہفتہ، اتوار جدید سائنسی انکشافات اور متعلقہ فقہی مسائل کے عنوان پر پشاور فقہی کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

لہذا گزارش کرتے ہیں کہ آپ اس کانفرنس میں اپنی تحقیق اور رائے پیش کرنے کیلئے ہماری دعوت کو قبول فرمائیں۔

اس سلسلہ میں:

1 ...... فوری طور پر اپنی تجاویز سے ہمیں آگاہ کریں۔

2 ...... ملحقہ عنوانات میں سے عنوان نمبر .... پر آپ مقالہ/تحقیق پیش کرالیں۔

3 ...... اسلام اور جدید سائنس سے متعلق کسی موضوع پر اپنی تحقیق سے ہمیں آگاہ کریں۔

4 ...... اس اہم علمی وتحقیقی کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے ہماری مدد فرمائیں۔

آپ کے مثبت جواب کا شدت سے منتظر رہیں گے۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالی ہم سب کو دین اور علم کی صحیح خدمت کرنے کی توفیق بخشے۔ واللہ ولی التوفیق

خادم العلم

نصیب علی شاہ الہاشمی

مسئول مرکز جدید فقہی تحقیقات ورئیس جامعۃ المرکز الاسلامی پاکستان

جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان کے زیر اہتمام
پشاور فقہی کانفرنس

بعنوان: جدید سائنسی انکشافات اور متعلقہ فقہی مسائل
بتاریخ: 12,11 دسمبر 2004ء بروز ہفتہ، اتوار

اہم عنوانات برائے مقالات اہل علم

1 ...... جدید سائنسی انکشافات اور اسلام
2 ...... جدید سائنسی تحقیقات وایجادات اور اسلام کا نظریہ تحقیق ودلیل۔
3 ...... جدید سائنسی تخلیقات پر مرتب شرعی احکام کیلئے فقہی اصول وضوابط۔
4 ...... انسانی دماغ کے بارے جدید سائنسی تحقیقات اور اس پر مرتب فقہی مسائل۔
5 ...... جدید طبی مسائل سے متعلق اہم سوالات کی نشاندہی جن پر فقہی تحقیق اور رائے کی ضرورت ہے۔
6 ...... قرآن کریم کا نظریہ تسخیر کائنات
7 ...... محرمات شرعیہ اور جدید سائنس۔
8 ...... خلقت جنین کے بارے جدید سائنسی تحقیق اور قرآن کریم۔
9 ...... انسانی کلوننگ کی شرعی حیثیت۔
10 ...... رؤیت ہلال میں جدید سائنسی تحقیق کی شرعی حیثیت۔
11 ...... فلکیات جدیدہ قرآن وحدیث کی روشنی میں۔

ان موضوعات پر تحقیقی مقالات 25 اکتوبر 2004ء تک وصول کئے جائیں گے۔ کانفرنس میں جید اہل علم وتحقیق مقالات پیش کریں گے صرف فارغ التحصیل/گریجویٹ/ برابر قابلیت کے سامعین کو استفادہ کا موقع دیا جائیگا۔

کانفرنس کے کامیابی سے متعلق تجاویز و پیش کش کا خیر مقدم کریں گے۔ شکریہ

وندعو الله تعالى أن يوفق الجميع لما فيه خير الاسلام والمسلمين

خادم العلم
نصیب علی شاہ الہاشمی
بانی پشاور فقہی کانفرنس و رئیس الجامعۃ